AIOU

# داخلہ خزاں 2026ء

# پراسپیکٹس

## ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز



- ایسوسی ایٹ ڈگری
  - آرٹس (بی اے)
  - کامرس (بی کام)
- اوپن کورسز (بی اے)

**Allama Iqbal Open University, Islamabad**

www.aiou.edu.pk

# پراسپیکٹس

سمسٹر: خزاں 2026ء

## ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز (Associate Degree Programmes)

- ایسوسی ایٹ ڈگری ان کامرس (بی کام)
- ایسوسی ایٹ ڈگری ان آرٹس (بی اے)
- اوپن کورسز (صرف آن لائن طریقہ کار کے تحت داخلہ لیا جاسکتا ہے)

داخلے سال میں دو مرتبہ بہار اور خزاں سمسٹرز بالترتیب جنوری اور جولائی میں ہوتے ہیں اور ہر سمسٹر میں داخلہ فیس بروقت جمع کروانا طالب علم کی ذمہ داری ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنیشنل کولیبریشن اینڈ ایکسچینج

# وائس چانسلر کا پیغام



علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کا شمار اس وقت دنیا کی میگا (سب سے بڑی) یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے۔ یہ یونیورسٹی بہت سی منفرد حیثیتوں کے حوالے سے دنیا بھر میں ممتاز مقام رکھتی ہے، یہ اس یونیورسٹی کی انفرادیت ہے کہ اس کا دائرہ کار پاکستان اور دنیا کے بہت سے ممالک میں ہے۔ بیرون ملک علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نہ صرف وہاں مقیم پاکستانیوں کو بلکہ دیگر شہریت کے حامل طلباء کو تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ یہ ملک کی واحد یونیورسٹی ہے جس میں مرد/عورت، عمر اور علاقے کی کوئی قید نہیں۔ ملک بھر کے ہر حصے سے ہر عمر کے افراد اس یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ وطن عزیز کے دیہاتوں، قصبوں اور دور افتادہ علاقوں میں مقیم افراد کو جہاں روایتی تعلیم کے مواقع کم ہیں یا ایسی خواتین کو جو سماجی پابندیوں کے سبب سکول/کالج میں جانے سے قاصر ہیں یا وہ ملازم پیشہ افراد جو اپنی ملازمتی ترقی کے لیے تعلیمی استعداد بڑھانے کے خواہش مند ہیں، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اِن سب کو تعلیمی سہولتیں مہیا کر کے یہ فریضہ بہ طریق احسن سرانجام دے رہی ہے۔ حالیہ یونیورسٹی کے مجموعی نظام کو ڈیجیٹلائزڈ (Digitalized) کر دیا گیا ہے، مزید برآں طلبہ کو تمام سہولتیں آن لائن بھی دستیاب ہوں گی۔

آپ کی تعلیم کی ترقی کے لیے کوشاں

پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

# اھـــــم اطـــــلاع

## ۱: ڈگریوں کی منظوری

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تمام ڈگریاں ہائر ایجوکیشن کمیشن سے منظور شدہ ہیں۔ تاہم دیگر ممالک، ریاستوں، حکومتوں اور غیر ملکی اداروں کے اپنے قوانین اور پالیسیاں ہوتی ہیں لہذا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کسی بھی پروگرام میں داخلہ لینے سے قبل براہ کرم اس ادارے یا محکمے سے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ڈگری کی قبولیت کی تصدیق ضرور کرلیں جہاں آپ مستقبل میں اپنی ڈگری جمع کروانا چاہتے ہیں۔

## ۲: بین الاقوامی طلبہ کے لیے ڈگری فیس

تمام بین الاقوامی طلبہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے طلبہ سے آخری سمسٹر کی ٹیوشن فیس کے ساتھ 50 امریکن ڈالر بطور ڈگری فیس وصول کئے جائیں گے جبکہ بیچلر اور ماسٹرز سطح کے طلبہ سے آخری سمسٹر کی ٹیوشن فیس کے ساتھ 100 امریکن ڈالر بطور ڈگری فیس وصول کئے جائیں گے۔

# IMPORTANT NOTICE

1. **RECOGNITION OF DEGREES**
   All the AIOU Degrees are HEC Recognized. Other countries/states/governments and foreign organizations have their own rules and policies. Before applying for admission in any AIOU educational program, kindly ask about the acceptance of AIOU degrees from the department/organization where you want to submit it.

2. **DEGREE FEE FOR INTERNATIONAL STUDENTS**
   All the international students are informed that a degree fee of USD 50 for Matric and Intermediate students and USD 100 for bachelors/masters level students will be charged along with the last semester tuition fee.

# ALLAMA IQBAL OPEN UNIVERSITY
Directorate of International Collaboration & Exchange

## ASSIGNMENTS SCHEDULE
**Matric / FA / I.Com**

**3 Credit Hours Courses**

| Assignment No. | Due Date |
|---|---|
| 1st | 25-01-2027 |
| 2nd | 25-02-2027 |

**6 Credit Hours Courses**

| Assignment No. | Due Date |
|---|---|
| 1st | 25-01-2027 |
| 2nd | 25-02-2027 |

**Associate Degree Programs**

**3 Credit Hours Courses**

| Assignment No. | Due Date |
|---|---|
| 1st | 25-01-2027 |
| 2nd | 25-02-2027 |

**6 Credit Hours Courses**

| Assignment No. | Due Date |
|---|---|
| 1st | 25-01-2027 |
| 2nd | 25-02-2027 |

**B.Ed (1.5 Year, 2 Year & 4 Years),**
**BS / BBA / M.A / MSc / M.Ed / PGD**

| Assignment No. | Due Date |
|---|---|
| 1st | 25-01-2027 |
| 2nd | 25-02-2027 |

## TUTORIAL SCHEDULE
**International / Overseas Students**

| Assignment No. | Due Date |
|---|---|
| 16th November 2026 | 20th December 2026 |

## WORKSHOPS SCHEDULE
**International/Overseas Students**

| Assignment No. | Due Date |
|---|---|
| 21st December 2026 | 14th February 2027 |

## QUIZ SCHEDULE
**International/Overseas Students**

| Assignment No. | Due Date |
|---|---|
| 15th February 2027 | 28th February 2027 |

# فہرست


صفحہ نمبر

— علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف ---------- iv
— یاد رکھیں ---------- v
— گریڈنگ سسٹم ---------- vi
— سمسٹر کا کم از کم اور زیادہ سے زیادہ دورانیہ کے بارے میں پالیسی ---------- vii
— ریوائزڈ پالیسی برائے اسسمنٹ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز ---------- viii
— پروگرام میں داخلہ لینے کا طریقہ کار اور داخلہ فارم یونیورسٹی بھیجنے کا طریقہ کار ---------- ix
-1 ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز ---------- 01
1.1 - ایسوسی ایٹ ڈگری ان آرٹس (Associate Degree in Arts) ---------- 02
1.2 - ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام کے اوپن کورسز ---------- 04
-2 ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز میں طریقہ تعلیم کے اہم اجزا ---------- 08
-3 فیس ---------- 09
-3.1 فیس اور داخلہ جمع کرانے کا طریقہ کار ---------- 09
-4 اہم معلومات ---------- 11
.5 داخلہ، کتابیں، ڈیٹ شیٹ، رول نمبر سلپ اور رزلٹ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے اہم فون نمبرز اور پتہ جات ---------- 13

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی جس کا مین کیمپس اسلام آباد میں ہے (کا شمار اس وقت دنیا کی چار میگا) سب سے بڑی یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے، 1974 میں پارلیمنٹ کے ایکٹ (XXXIX) کے تحت قائم ہوئی۔ اس وقت یہ دنیا کی دوسری اور ایشیا اور افریقہ کی پہلی اوپن یونیورسٹی تھی مگر اب دنیا میں فاصلاتی نظام تعلیم پر مبنی 100 سے زائد یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔

پاکستان میں اوپن یونیورسٹی کے قیام کا بنیادی مقصد فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعے ان لوگوں کو جو بوجوہ رسمی تعلیم سے استفادہ نہیں کر سکے یا جن کا سلسلہ تعلیم منقطع ہو گیا تھا، ان کے گھروں کی دہلیز پر تعلیمی سہولیات مہیا کرنا ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، وطن عزیز کے دیہاتوں قصبوں اور دور افتادہ علاقوں میں مقیم افراد کو جہاں روایتی تعلیم کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں یا ایسی خواتین کو جو سماجی پابندیوں کے سبب سکول / کالج میں جانے سے قاصر ہیں یا وہ ملازمت پیشہ افراد جو اپنی ملازمتی ترقی کے لیے تعلیمی استعداد بڑھانے کے خواہش مند ہیں، ان سب کو تعلیمی سہولتیں مہیا کر کے یہ فریضہ بطریق احسن سرانجام دے رہی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی غیر رسمی طریقہ تعلیم کے ذریعے مختلف تعلیمی پروگرام پورے ملک میں عام کر کے قومی یونیورسٹی کی صورت میں ابھری ہے۔ فاصلاتی نظام تعلیم روایتی اور رسمی نظامِ تعلیم کے برعکس متنوع بھی ہے اور ہمہ گیر بھی۔ طلبا اس کے ذریعے میسر وقت میں سہولت کے ساتھ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ انہیں طبع شدہ کورسز اور مجوزہ کتب کے علاوہ ٹیوٹوریل، گروہی سرگرمیاں اور دوسری ملٹی میڈیا سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی بنیادی تعلیم سے لے کر پی ایچ ڈی کی سطح تک کے پروگرام پیش کر رہی ہے۔ یونیورسٹی کے تدریسی اور انتظامی کام کی مناسب اور موزوں ترویج واشاعت کے لیے ملک کے مختلف مقامات پر 49 سے زائد علاقائی دفاتر بھی کام کر رہے ہیں نیز طلبہ کی رہنمائی کے لیے مختلف شہروں میں رابطہ دفاتر بھی قائم کیے گئے ہیں۔ یونیورسٹی نے ملک بھر میں مطالعاتی مراکز قائم کیے ہیں جہاں فاصلاتی نظام تعلیم کے طلبا اپنے ٹیوٹرز سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی نے کل وقتی مطالعاتی مراکز بھی قائم کیے ہیں جہاں پر ایم بی اے (آئی ٹی)، بینکنگ اینڈ فنانس، بی ایس (سی ایس) اور ایم ایس کے طلبہ کو بالمشافہ تعلیمی رہنمائی مہیا کی جاتی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور اس کے جملہ علاقائی دفاتر تعلیمی سال کے دوران نصابی اور تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور مختلف نوعیت کی علمی، ادبی اور قومی تقریبات کے انعقاد کا اہتمام کرتے ہیں جن میں ہمارے طلبہ و اساتذہ کے ساتھ ساتھ علاقے کے معززو سرکردہ اراکین اور صاحبان علم و دانش شرکت کرتے ہیں۔

اوپن یونیورسٹی سمسٹر سسٹم کے مطابق کام کر رہی ہے۔ طلبہ کا داخلہ سال میں دوبار سمسٹر بہار اور سمسٹر خزاں میں ہوتا ہے۔ انڈر گریجویٹ طلبہ کے لیے دونوں سمسٹر میں داخلے ہوتے ہیں جبکہ پوسٹ گریجویٹ سطح پر داخلہ سال میں ایک بار ہوتا ہے۔ طلبہ کو یونیورسٹی کی اپنی تیار کردہ کتابیں بھجوائی جاتی ہیں، ان کتابوں کے ہمراہ تقویتی مواد بھی بھجوایا جاتا ہے۔ اکثر کورسز میں ریڈیو اور ٹی وی پروگرامز کے ذریعے بھی تعلیمی اور تدریسی رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ طلبہ کی رہنمائی کے لیے ملک بھر سے جز وقتی ٹیوٹرز کی خدمات بھی حاصل کی جاتی ہیں نیز ہر طالب علم کو مراسلت اور ٹیوٹوریل میٹنگ کے ذریعے بھی تدریسی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

یونیورسٹی کے سائنس کے طلبہ کے لئے یونیورسٹی سائنس کمپلیکس کا قیام عمل میں لایا گیا جس میں سائنس کے تمام ڈسپلنز کے ریسرچ اسکالرز کے لئے بین الاقوامی معیار کی حامل جدید سائنسی تجربہ گاہوں کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی مرکزی لائبریری اور سٹوڈنٹس ہوسٹل میں انٹرنیٹ لیب کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے تا کہ یونیورسٹی کے اساتذہ و طلبہ اپنی علمی و تحقیقی کاوشوں کو جدید عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کر سکیں۔

# یادرکھیں!

1- علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے داخلے سال میں دومرتبہ ہوتے ہیں:

☆ سمسٹر بہار کے داخلے ماہ **جنوری/مارچ** میں ہوتے ہیں **جب کہ** سمسٹر خزاں کے داخلے ماہ **جولائی/ستمبر** میں ہوتے ہیں۔

2- سمسٹر بہار (جنوری/ مارچ) میں اگر آپ پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر خزاں کی داخلہ فیس (جولائی/ستمبر) میں جمع کروانا ہوگی۔

3- سمسٹر خزاں (جولائی/ستمبر) میں اگر آپ پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر بہار کی داخلہ فیس (جنوری/ مارچ) میں جمع کروانا ہوگی۔

4- جاری طلبہ (Continuing Students) یونیورسٹی ویب سائیٹ (http://enrollment.aiou.edu.pk) پر online کورس رجسٹر کر کے فیس پراسپیکس میں درج طریقہ کار کے مطابق جمع کرا سکتے ہیں۔

Online انرولمنٹ لینے کا طریقہ کار مندرجہ ذیل ہے۔

1- ویب سائیٹ https://enrollment.aiou.edu.pk وزٹ کریں۔

2- User ID میں سٹوڈنٹ آئی ڈی (Student ID) لکھیں اور پاسورڈ (Password) درج کریں۔

3- اپنے کورسز کا انتخاب کریں اور چالان فارم کا پرنٹ نکال لیں۔

## سمسٹر شیڈول

| نمبر شمار | سرگرمی | سمسٹر بہار | سمسٹر خزاں |
|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ | جنوری - مارچ | جولائی - ستمبر |
| 2 | ترسیل کتب | مارچ - مئی | ستمبر - نومبر |
| 3 | مطالعہ کی مدت | مئی - اگست | نومبر - فروری |
| 4 | امتحانات | ستمبر - اکتوبر | مارچ - اپریل |
| 5 | نتائج | دسمبر | جون |

**نوٹ:** شیڈول کی مقرر کردہ تاریخوں کی معلومات کے لئے Directorate of International Colaboration & Exchange سے رابطے میں رہیں۔

# AIOU Grading Scheme *

| Marks | Grade |
|---|---|
| 80% and above | A+ Grade |
| 70% to 79% | A-Grade |
| 60% to 69% | B-Grade |
| 50% to 59% | C-Grade |
| 40% to 49% | D-Grade |
| Below 40% | Fail |

* For those students who were enrolled under grading scheme.

# AIOU GPA/CGPA Scheme **

| Marks % | Grade Point Average | Marks % | Grade Point Average | Marks % | Grade Point Average | Marks % | Grade Point Average |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 50 | 2.00 | 58 | 2.54 | 66 | 3.07 | 74 | 3.61 |
| 51 | 2.07 | 59 | 2.60 | 67 | 3.14 | 75 | 3.68 |
| 52 | 2.13 | 60 | 2.67 | 68 | 3.21 | 76 | 3.74 |
| 53 | 2.20 | 61 | 2.74 | 69 | 3.27 | 77 | 3.81 |
| 54 | 2.27 | 62 | 2.80 | 70 | 3.34 | 78 | 88 |
| 55 | 2.34 | 63 | 2.87 | 71 | 3.41 | 79 | 94 |
| 56 | 2.40 | 64 | 2.94 | 72 | 3.47 | 80-100 | 4.00 |
| 57 | 2.47 | 65 | 3.01 | 73 | 3.54 | | |

| Marks Obtained | Grade | Grade Point Average (GPA) |
|---|---|---|
| 80-100% | A | 4.00 |
| 65-79% | B | 3.00 |
| 50-64% | C | 2.00 |
| Below 50% | F | 0.00 |

** For those students who were enrolled under GPA/CGPA Scheme.

### New AIOU GPA/CGPA Scheme from Semester Autumn-2021 & onwards

| Percentage of marks | Letter Grade | GPA | Percentage of Marks | Letter Grade | GPA |
|---|---|---|---|---|---|
| 85% and above but below 100% | A | 4.0 | 60% and above but below 65% | C+ | 2.3 |
| 80% and above but below 85% | A- | 3.7 | 55% and above but below 60% | C | 2.0 |
| 75% and above but below 80% | B+ | 3.3 | 52% and above but below 55% | C- | 1.7 |
| 70% and above but below 75% | B | 3.0 | 50% and above but below 52% | D | 1.0 |
| 65% and above but below 70% | B- | 2.7 | Below 50% | F | 0.0 |

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی منظور شدہ پالیسی برائے کم از کم/زیادہ سے زیادہ دورانیہ تعلیمی پروگرامز (ODL)

## Minimum and Maximum Duration/Semesters: Programs on ODL Mode

| Sr. No. | Degree Level | Minimum Duration | Maximum Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | SSC/HSSC | 2 years / 4 semesters | 5 years |
| 2 | Certificate (6 Months) | 6 Months / 1 semester | 1 years |
| 3 | All Postgraduates Diplomas (1 Year) | 1 years / 2 semesters | 3 years |
| 4 | Associate Degree (2 Years) | 2 years / 4 semesters | 4 years |
| 5 | B. Ed (1.5 Years) | 1.5 years / 3 semesters | 3 years |
| | B. Ed (2.5 Years) | 2.5 years / 5 semesters | 5 years |
| 6 | BS/BBA/BEd (4 Years) | 4 years / 8 semesters | 8 years |
| 7 | MEd (1 Year) | 1 years / 2 semesters | 3 years |
| 8 | All Master Degree Programmes (2 Years) | 2 years / 4 semesters | 4 years |

نوٹ: سمسٹر بہار 2021 سے ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام (بی اے/بی کام) پاس کرنے کا دورانیہ کم از کم دو سال (چار سمسٹر) ہے اور زیادہ سے زیادہ چار (4) سال ہے۔ اگر طالب علم مذکورہ پروگرام کی تکمیل چار (4) سال میں نہیں کر پاتا تو اسے مذکورہ پروگرام میں دوبارہ سے نیا داخلہ لینا ہوگا۔

**Revised Policy for Assessment for Associate Degree (AD) Programmes**

For Associate Degree Programmes, the existing formula i.e. 30%:70% with passing marks 50% aggregate will be followed. Securing passing marks in assignments/practical/any other component is not compulsory from semester Autumn 2021 onwards, however, securing passing marks i.e. 40% in final exam will be mandatory. If a student gets 40 marks out of 100 in the final exam and does not score 50% aggregate marks, he/she will be declared fail in the respective course.

| Weightage of Assignments Marks | Weightage of Final Exam Marks | Passing Marks |
|---|---|---|
| 30% | 70% | 50% (in aggregate). However 40% marks in final exams is mandatory |

# داخلہ لینے کا طریقہ کار اور داخلہ فارم یونیورسٹی بھیجنے کا طریقہ کار

**پہلے سمسٹر میں Online داخلہ لینے کا طریقہ کار** https://www.youtube.com/watch?v=_14lPtu4vnk

-1 ویب سائیٹ (https://aiou.edu.pk/oas-fresh-admission) وزٹ کریں۔ -2 (Application for New Admission ⇨Click here) لنک پر کلک کریں۔

-3 ای میل/موبائل فون نمبر لکھ کر رجسٹر کریں۔ -4 اپنے رجسٹر اکاؤنٹ میں Login کریں۔ -5 داخلہ فارم میں درکار تمام کوائف درج کریں۔

-6 داخلہ فارم میں اپنا نام، والد کا نام اور تاریخ پیدائش میٹرک کی سند کے مطابق درج کریں۔ غلط اندراج کی صورت میں درخواست دہندہ خود ذمہ دار ہوگا۔

**جاری طلبہ (Continuing Students) کی انرولمنٹ سمسٹر کا (نیا داخلہ) کا طریقہ** https://www.youtube.com/watch?v=d52VGci6XNQ

-1 ویب سائیٹ (https://aiou.edu.pk/cms-continuing-students) وزٹ کریں۔

-2 (https://enrollment.aiou.edu.pk/) ⇨ "CMS for Continuing Students" پر کلک کریں۔

-3 USER ID والے کالم میں اپنا Student ID لکھیں۔ اور پاس ورڈ درج کریں۔ -4 اپنے کورسز کا انتخاب کریں اور چالان فارم پرنٹ کر کے فیس جمع کروائیں۔

-5 جاری طلبہ ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ 21 کریڈٹ آورز میں داخلہ لے سکتا ہے (ایڈیشنل سمسٹر 99 پر کلک کریں)

**فیس جمع کروانے کا طریقہ** https://www.youtube.com/watch?v=A33WSSY9pbA&t=9s

-1 ویب سائیٹ (olpay.aiou.edu.pk) وزٹ کریں۔

-2 چالان نمبر درج کریں اور سرچ "Search" کے بٹن پر کلک کریں۔

-3 دی گئی معلومات کا موازنہ اپنے چالان فارم کے ساتھ کریں اور درست ہونے کی صورت میں "Submit Fee" والے بٹن پر کلک کریں۔

-4 چالان نمبر درج کریں اور سرچ کے بٹن پر کلک کریں۔

-5 دی گئی معلومات کا موازنہ اپنے چالان فارم کے ساتھ کریں اور درست ہونے کی صورت میں "Submit Fee" والے بٹن پر کلک کریں۔

-6 کریڈٹ کارڈ/ڈیبٹ کارڈ نمبر، کارڈ ہولڈر کا نام، ایکسپائری کی تاریخ اور CVV کوڈ (جو کارڈ کے پچھلے حصے پر درج ہوتا ہے) کا اندراج کریں۔

-7 "Pay Now" کے بٹن پر کلک کریں۔

-8 فیس کے جمع ہونے اور آرڈ آئی ڈی کا نوٹیفکیشن موصول ہوگا۔

-9 نیچے دی گئی جگہ پر آرڈر آئی ڈی اور ٹرانزیکشن کی تاریخ کا اندراج کریں۔

-10 اپنے داخلے کی تصدیق ہونے تک آرڈر آئی ڈی کو اپنے ریکارڈ میں محفوظ رکھیں۔

## 1- ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز (بی اے/ )

## Associate Degree Programmes (BA)

بیچلر کی سطح پر یونیورسٹی درج ذیل مختلف پروگرامز پیش کررہی ہے:

1- ایسوسی ایٹ ڈگری ان آرٹس (Associate Degree in Arts)

(i) ایسوسی ایٹ ڈگری اِن آرٹس پروگرام میں داخلے کے لیے انٹرمیڈیٹ میں پاس ہونا ضروری ہے ورنہ داخلہ نہ ہوگا۔

(ii) ایسوسی ایٹ ڈگری اِن کامرس پروگرام میں داخلے کے لیے انٹرمیڈیٹ پاس طلبہ داخلہ لے سکتے ہیں۔

(iii) داخلے کے لیے آن لائن داخلہ فارم کے ساتھ شناختی کارڈ یا فارم ''ب'' کی کاپی۔ میٹرک، ایف اے/ ایف ایس سی/ آئی کام کی یونیورسٹی/ بورڈ سے جاری شدہ مارکس شیٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں اور اپنی ایک عدد تصویر اپلوڈ کریں۔

(iv) <u>والد، والدہ کے شناختی کارڈ یا ڈومیسائل کی کاپی ہرگز اپلوڈ نہ کریں۔</u>

(v) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ہائر سیکنڈری سٹرٹیفکیٹ مکمل کرنے والے طلباء و طالبات پروویژنل سٹرٹیفکیٹ یا سند کی مصدقہ نقل اپلوڈ کریں۔ (<u>رزلٹ کارڈز پر داخلہ ممکن نہیں ہوگا۔</u>) انٹرنیٹ سے لیا گیا پرنٹ قابل قبول نہیں۔

(vi) ثانویہ خاصہ/ فاضل عربی/ اردو وغیرہ کے حامل امیدواران کے لیے انٹر بورڈ کوآرڈینیشن کمیشن IBCC کا جاری کردہ مساوی سٹرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) اپلوڈ کرنا لازم ہے بصورت دیگر داخلہ ممکن نہ ہوگا۔

(vii) <u>دوسری یونیورسٹیوں اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے گریجوائیٹ بی اے/ بی اے ایسوسی ایٹ ڈگری کے کورسز میں سے کسی ایک کورس یا زیادہ میں اضافی طور پر داخلہ لے سکتے ہیں۔ انہیں کسی بھی گروپ میں شامل کورسز میں داخلہ پر دوبارہ ڈگری جاری نہیں کی جائے گی البتہ انہیں اضافی کورس پاس کرنے کا سرٹیفکیٹ مل سکے گا۔</u>

(viii) غیر مسلم طلباء و طالبات کے لیے اسلامیات کی جگہ اخلاقیات کا مضمون لازمی ہے۔ مسلمان طلباء و طالبات اخلاقیات اور غیر مسلم طلباء و طالبات اسلامیات لازمی کا مضمون دورانیہ تین کریڈٹ آورز کے طور پر نہیں لے سکتے۔

(ix) نامکمل داخلہ فارم کے بارے میں طلباء کو اعتراض سے آگاہ کر دیا جاتا ہے۔ اگر طلباء مقرر کردہ آخری تاریخ تک اعتراض دور کر کے شعبہ داخلہ کو ثبوت مہیا کر دیں تو داخلہ اُسی سمسٹر میں ممکن ہو جاتا ہے بصورت دیگر طالبعلم کو فیس واپسی کی درخواست اصل چالان رسید لگا کر دینا ہوگی۔ ایسے طلباء آئندہ سمسٹر میں نئی فیس کے ساتھ داخلہ لے سکتے ہیں۔ لہذا آن لائن داخلہ فارم میں مکمل طور پر درست کوائف کا اندراج کیا جائے دوسری صورت میں داخلہ نہ ہونے کی تمام تر ذمہ داری طالبعلم پر ہوگی۔

(x) داخلہ ہو جانے اور کتب کی ترسیل کے بعد نہ تو داخلہ منسوخ ہوگا اور نہ ہی فیس واپس ہوگی۔

(xi) پہلی دفعہ داخلہ لینے والوں کے لیے فیس کے ہمراہ رجسٹریشن فیس جمع کرانا لازمی ہے۔

(xii) یاد رہے کہ سمسٹر کے دوران کورس یا پتہ کی تبدیلی ممکن نہیں ہے۔ لیکن کورس میں تبدیلی صرف مطالعہ کی مدت (Study period) شروع ہونے سے قبل ممکن ہے۔ مطالعہ کی مدت (Study period) شروع ہونے کے بعد کورس میں تبدیلی کسی صورت ممکن نہیں۔ کورس میں تبدیلی فی کورس فیس جمع کروانے اور موصول شدہ کتب شعبہ ترسیل کو واپس کرنے کی صورت میں ممکن ہوگی۔ مطالعہ کی مدت (Study period) کا شیڈول یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

(xiii) ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام چار سمسٹر پر مشتمل ہے۔

(xiv) آن لائن داخلہ فارم کے تمام کالمز پر کرنا ضروری ہے۔ بالخصوص موبائل نمبر اور شناختی کارڈ نمبر لکھنا ضروری ہیں بصورت دیگر داخلہ ممکن نہ ہوگا۔ جن طلبہ کا ابھی تک شناختی کارڈ نہیں بنا یا کم عمری کی صورت میں وہ فارم ''ب'' کا شناختی نمبر لازمی لکھیں۔

## 1.1- ایسوسی ایٹ ڈگری ان آرٹس (بی اے) پروگرام (0475)

### Associate Degree in Arts (B.A)

**اہلیت:**

1- ایسوسی ایٹ ڈگری ان آرٹس میں داخلے کے لیے انٹرمیڈیٹ یا مساوی تعلیم میں پاس ہونا ضروری ہے۔

2- ایسوسی ایٹ ڈگری ان آرٹس چار سمسٹرز پر مشتمل دو سالہ پروگرام ہے جس میں طالب علم کو 66 کریڈٹ آوورز پاس کرنا ہوں گے۔

3- ذریعہ تعلیم فاصلاتی ہے اس میں ٹیوٹوریل کلاسز کا اہتمام کیا جاتا ہے جہاں ٹیوٹر حضرات طلبہ کی رہنمائی کے لیے موجود ہوتے ہیں۔

4- درسی مواد خود آموزی کے اصول پر تیار کیا جاتا ہے۔ درسی مواد کو ہر لحاظ سے مکمل بنانے، مزید وضاحت اور تقویت کے لیے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگرام بھی پیش کیے جاتے ہیں۔

5- یونیورسٹی کی حالیہ پالیسی کے مطابق کسی بھی کورس میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے طلبہ کو امتحانی مشقوں اور فائنل امتحان میں مجموعی طور پر 50% نمبر حاصل کرنا ضروری ہے جبکہ فائنل امتحان میں 40% نمبر لینا ضروری ہے۔

### پہلا سمسٹر

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 416 | اسلامیات لازمی (صرف مسلم طلبہ و طالبات کے لیے) **یا** | اردو | 3 |
| 418 | اخلاقیات (صرف غیر مسلم طلبہ و طالبات کے لیے) | اردو | 3 |
| 417 | مطالعہ پاکستان | اردو | 3 |
| 1423 | انگریزی (حصہ اول) Compulsory English-I | انگلش | 3 |
| طلبہ ان کے ساتھ کوئی ایک 3 کریڈٹ آورز کا کورس اختیاری مضامین کی فہرست میں سے بھی منتخب کریں۔ | | | |

**پہلے سمسٹر کی کل فیس -/500 امریکن ڈالر**

### دوسرا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 1424 | انگریزی (حصہ دوئم) Compulsory English-II | انگلش | 3 |
| 1429 | بزنس میتھمیٹکس Business Mathematics | انگلش | 3 |
| 1431* | **Basics of Information & Communication Technology** | انگلش | 3 |
| ان کورسز کے علاوہ کوئی ایک چھ کریڈٹ اور ایک تین کریڈٹ کورس **یا** کوئی تین کریڈٹ آورز کے تین کورسز اختیاری مضامین کی فہرست میں سے منتخب کریں۔ | | | |
| اور امتحان اردو یا انگریزی میں دے سکتے ہیں۔ | | | |

### تیسرا سمسٹر

طلباء اختیاری مضامین کی فہرست میں سے کوئی چھ کریڈٹ آورز کے تین کورسز منتخب کریں **یا** تین کریڈٹ آورز کے چھ کورسز منتخب کریں۔ (پہلے سے منتخب کردہ کورسز کے علاوہ)

### چوتھا سمسٹر

اختیاری مضامین کی فہرست میں سے کوئی چھ کریڈٹ آورز کے تین کورسز کا انتخاب کریں **یا** تین کریڈٹ آورز کے چھ کورسز منتخب کریں۔ (پہلے سے منتخب کردہ کورسز کے علاوہ)

## اختیاری مضامین

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 402 | معاشیات | اردو/انگلش | 6 |
| 404 | اردو | اردو | 6 |
| 405 | اقبالیات | اردو | 6 |
| 406 | معاشیات پاکستان | اردو | 6 |
| 407 | جدید دنیائے اسلام | اردو | 6 |
| 408 | عربی | عربی | 6 |
| 409 | کمرشل جغرافیہ | اردو | 6 |
| 411 | عمرانیات (حصہ اول) | اردو | 6 |
| 412 | سوشل وکلچرل انتھروپالوجی | اردو | 6 |
| 413 | عمرانیات (حصہ دوم) | اردو | 3 |
| 414 | آبادیات | اردو | 6 |
| 419 | علم التعلیم | اردو | 6 |
| **422*** | **وسائل کتب خانہ: تنظیم وترتیب** | اردو | 6 |
| **423*** | **خدمات کتب خانہ** | اردو | 6 |
| 426 | پاکستانی ادب (حصہ دوم) | اردو | 6 |
| 427 | پاکستانی ادب (حصہ اول) | اردو | 3 |
| 429 | لٹریسی اینڈ ماس ایجوکیشن | اردو | 6 |
| 430 | اصول صحافت | اردو | 6 |
| 431 | رپورٹنگ Reporting | اردو | 3 |
| 436 | سیرت طیبہ | اردو | 6 |
| 437 | اسلامیات (اختیاری) | اردو | 6 |
| 438** | پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ Principles of Accounting | انگلش | 3 |
| 444** | ایڈوانس اکاؤنٹنگ Advance Accounting | انگلش | 3 |
| 449 | مجلاتی صحافت | اردو | 3 |
| 451 | تعلقات عامہ | اردو | 3 |
| 452 | ابلاغ عامہ | اردو | 3 |
| 453 | ریڈیو براڈکاسٹنگ | اردو | 3 |
| 454 | ٹی وی براڈکاسٹنگ | اردو | 3 |
| 455 | تدوین کتب | اردو | 3 |
| 456 | بزنس ٹیکسیشن Business Taxation | انگلش | 3 |
| 458 | کمیونٹی ڈیویلپمنٹ | اردو | 6 |
| 460 | مرکنٹائل لاء Mercentile Law | انگلش | 3 |
| 461 | ایڈورٹائزنگ | اردو | 3 |
| 462 | کاسٹ اکاؤنٹنگ Cost Accounting | انگلش | 3 |
| 463 | فنڈامینٹلز آف بزنس Fundamentals of Business | انگلش | 3 |
| 464 | اسلامی فقہ | اردو | 6 |
| **466*** | **کتب خانوں کی تاریخ بحوالہ پاکستان** | اردو | 6 |
| **467*** | درجہ بندی وکیٹلاگ | اردو | 6 |
| 472 | قرآن حکیم (ترجمہ وتفسیر سورۃ البقرہ و آل عمران) | اردو/عربی | 6 |
| 473 | حدیث | اردو/عربی | 6 |
| 481 | آڈیٹنگ Auditing | انگلش | 3 |
| 484 | غذا اور غذائیت | اردو | 3 |
| 485 | صحت اور غذائیت | اردو | 3 |
| 487 | بچے کی نشوونما | اردو | 3 |
| 1421 | ابتدائی ماحولیات Introduction to Environment | انگلش | 3 |
| 1430 | بزنس سٹیٹسٹکس Business Statistics | انگلش | 3 |

**نوٹ:** کورس *466اور *467 میں داخلہ لینے سے پہلے 422اور 423 کورسز پاس کرنا لازمی ہیں کورس **438 اور **444ایک سمسٹر میں لئے جاسکتے ہیں لیکنکورس کوڈ 444 سے پہلے کورس کوڈ 438 نہیں لیا جاسکتا۔

ایسوسی ایٹ ڈگری سطح کے تمام گروپ میں لازمی انگریزی (حصہ دوم) میں داخلہ لینے سے پہلے لازمی انگریزی (حصہ اول) پڑھیں۔اس کے علاوہ لازمی انگریزی (حصہ اول) اور (حصہ دوم) ایک ہی سمسٹر میں نہیں لئے جاسکتے۔

## 1.2- ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام کے اوپن کورسز (0480)

### تعارف

AIOU مختلف سطحوں پر مختلف سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ، اور ڈگری پروگرام پیش کر رہا ہے۔اس کے علاوہ، یونیورسٹی متعلقہ طلباء کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے انفرادی کورسز بھی پیش کرتی ہے جو اپنی اعلیٰ تعلیم یا پیشہ ورانہ کیریئر کے حصول کے لیے مختلف ضروریات کو پورا کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ان طلباء میں شامل ہو سکتے ہیں لیکن ان تک محدود نہیں:

- ☆ اوپن کورسز میں داخلہ صرف آن لائن طریقہ کار کے تحت ہی لیا جاسکتا ہے۔
- ☆ وفاق المدارس کے طلباء جنہیں ایچ ای سی سے مساوات کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے اضافی کورسز کی ضرورت ہے۔
- ☆ وہ طلباء جو انفرادی کورسز کا خود مطالعہ کرنا چاہتے ہیں تا کہ کسی خاص مضمون کے بارے میں اپنے علم اور سمجھ میں اضافہ ہو سکے۔
- ☆ اوپن کورسز میں داخلہ ہونے کے بعد اس کو ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز (بی اے/ بی کام) میں تبدیل نہیں کیا جاسکے گا۔
- ☆ پریکٹیشنرز جنہیں اپنے پیشے میں سبقت حاصل کرنے کے لیے ایک خاص کورس کا مطالعہ کرنے کی ضرورت ہے۔
- ☆ اوپن کورسز میں داخلہ لینے والے طلباء پاس ہونے کی صورت میں صرف کورس سرٹیفکیٹ جاری کیے جائیں گے وہ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز (بی اے/ بی کام) کی ڈگری کے لیے اہل نہیں ہونگے۔
- ☆ وہ طلباء جنہیں کسی خاص ڈگری پروگرام میں داخلہ لینے کے لیے ضرورت کے طور پر اضافی کورسز پڑھنے کی ضرورت ہے۔

(AIOU) اوپن کورسز کے ذریعے تمام طلباء کو ایسوسی ایٹ ڈگری کے لازمی اور اختیاری کورسز پیش کر رہا ہے تا کہ وہ اپنی پڑھائی یا پیشہ ورانہ کیریئر کے دوران اپنی مطلوبہ ضروریات کو پورا کرسکیں۔

**اوپن کورسز میں داخلہ صرف آن لائن ہوگا**

| Course Code | Course Title | Credits | میڈیم |
|---|---|---|---|
| 416 | Islamiat | 3 | اردو |
| 418 | Ethics (For Non-Muslim Students Only) | 3 | " |
| 417 | Pakistan Studies | 3 | " |
| 1423 | Compulsory English-I | 3 | انگلش |
| 1424 | Compulsory English-II | 3 | " |
| 1429 | Business Mathematics | 3 | " |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 437 | Islamiat (E) | 6 | " |
| 458 | Community Development | 6 | " |
| 464 | Islamic Fiqh | 6 | " |
| 466 | History of Libraries with Reference to Pakistan | 6 | " |
| 467 | Classification and Cataloguing | 6 | " |
| 472 | Quran-e-Hakeem | 6 | اردو/عربی |
| 473 | Hadith | 6 | " |
| 413 | Sociology-II | 3 | اردو |
| 427 | Pakistani Adab-I | 3 | " |
| 431 | Reporting | 3 | " |
| 438 | Principles of Accounting | 3 | انگلش |
| 444 | Advance Accounting | 3 | " |
| 449 | Magazine Journalism | 3 | اردو |
| 451 | Public Relations | 3 | " |
| 452 | Mass Communication | 3 | اردو |
| 453 | Radio Broadcasting | 3 | " |
| 454 | TV Broadcasting | 3 | " |
| 455 | Book Editing | 3 | " |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1431 | Basics of Information & Communication Technology | 3 | " |
| 402 | Economics | 6 | اردو/انگلش |
| 404 | Urdu | 6 | اردو |
| 405 | Iqbaliat | 6 | " |
| 406 | Economics of Pakistan | 6 | " |
| 407 | Modern Muslim World | 6 | " |
| 408 | Arabic | 6 | عربی |
| 409 | Commercial Geography | 6 | اردو |
| 411 | Sociology-I | 6 | " |
| 412 | Social & Cultural Anthropology | 6 | " |
| 414 | Demography | 6 | " |
| 419 | Education | 6 | " |
| 422 | Organizing Library Resources | 6 | اردو |
| 423 | Library Services | 6 | " |
| 426 | Pakistani Adab-II | 6 | " |
| 429 | Mass Education/Literacy | 6 | " |
| 430 | Principles of Journalism | 6 | " |
| 436 | Seerat-e-Tayyaba | 6 | " |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 456 | Business Taxation | 3 | انگلش |
| 460 | Mercantile Law | 3 | " |
| 461 | Advertising | 3 | اردو |
| 462 | Cost Accounting | 3 | انگلش |
| 463 | Fundamentals of Business | 3 | " |
| 481 | Auditing | 3 | " |
| 484 | Food and Nutrition | 3 | اردو |
| 485 | Health and Nutrition | 3 | " |
| 487 | Child Development | 3 | " |
| 1421 | Introduction to Environment | 3 | انگلش |
| 1430 | Business Statistics | 3 | " |
| 1428 | Commercial Geography | 3 | " |
| 1414 | Fundamentals of Money and Banking | 3 | " |
| 1413 | Financial Accounting | 3 | " |
| 1416 | Business Communication | 3 | " |
| 1415 | Introduction to Business Finance | 3 | " |
| 1427 | Principles of Management | 3 | " |

## اہلیت (Eligibility)

☆ انٹرمیڈیٹ پاس۔

## اسکیم آف اسٹڈیز (Scheme of Studies)

مندرجہ بالا کورسز میں سے ہر ایک کو علیحدہ سرٹیفکیٹ کورس کے طور پر طلبا و طالبات کے لیے پیش کیا جائے گا۔ پروگرام کا دورانیہ (1 سمسٹر) ہوگا جس میں طلباء ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ 18 کریڈٹ آورز کے کورسز منتخب کر سکتے ہیں۔ ذریعہ تعلیم انگریزی/اردو ہوگا اور اسے ODL (Online Distance Mode) طریقے سے پڑھایا جائے گا/پیش کیا جائے گا۔

## درسی مواد (Study Material)

کورسز سے متعلق مواد طلباء طالبات کو پاکستان پوسٹ کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔ البتہ طلباء طالبات یونیورسٹی کی ویب سائٹ http://online.aiou.edu.pk پر دستیاب مطالعاتی مواد بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

## جائزہ کا طریقہ کار (Mode of Assessment)

(i) ہر 3 کریڈٹ آور کورس دو امتحانی مشقوں پر مشتمل ہوگا جبکہ 06 کریڈٹ آور کورسز کی 4 مشقیں ہوں گی۔

(ii) فائنل امتحان ہر سمسٹر کے اختتام پر لیا جائے گا جس میں طلبا/طالبات کی شرکت لازمی ہے جس میں کامیابی کے نمبر 40% ہوں گے۔

(iii) کورس میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے طلبہ طالبات کو امتحانی مشقوں اور فائنل

## داخلہ لینے کا طریقہ کار

Onlineداخلہ لینے کا طریقہ کار (اوپن کورسز میں داخلہ صرف آن لائن ہوگا۔)

1- طلباءویب سائیٹ (http://online.aiou.edu.pk)وزٹ کریں۔

2- OAS For Fresh applicantsلنک پرکلک کریں

3- ای میل/موبائل فون نمبر لکھ کر رجسٹر کریں۔

4- اپنے رجسٹرڈ اکاونٹ میں لاگ اِن(login) کریں۔

5- داخلہ فارم میں درکار تمام کوائف درج کریں۔

6- فوٹو سائز، شناختی کارڈ/ب فارم، والد/سرپرست کا شناختی کارڈ اور تعلیمی دستاویزات اَپ لوڈ کریں۔

7- فیس چالان پرنٹ کر کے فیس جمع کروائیں۔

8- اپنے اکاوئنٹ کو وقتاً فوقتاً چیک کرتے رہے جب تک آپ کو داخلہ کنفرمیشن کا میسج موصول نہیں ہوتا۔اعتراض کی صورت میں اعتراض کو فوری طور پر دور کریں تا کہ آپ کا داخلہ بر وقت کنفرم ہو سکے۔

## 2- ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز میں طریقہ تعلیم کے اہم اجزاء

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے بیشتر کورسز اردو زبان میں ہیں لیکن انگریزی میں پیش کردہ کورسز کی تعداد بھی کم نہیں۔ طلباء اپنے کورسز سے متعلق امتحانی پرچے اردو، انگلش دونوں زبانوں میں سے کسی ایک زبان میں دے سکتے ہیں سوائے اردو، انگلش، عربی اور فارسی کے، یونیورسٹی ٹرانسلیشن فراہم نہیں کرے گی۔ مزید معلومات کے لیے ڈائریکٹوریٹ آف **انٹرنیشنل کولیبوریشن اینڈ ایکسچینج** سے رجوع کریں۔ یونیورسٹی کے طلبہ پورے ملک میں پھیلے ہوئے ہیں اس لئے انہیں فاصلاتی/ آن لائن طریقہ تعلیم کے اصولوں کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے جس میں تعلیم کا انحصار مندرجہ ذیل اجزاء پر ہوتا ہے:

(i) درسی مواد

(ii) امتحانی مشقیں

(iii) جز وقتی اساتذہ سے راہنمائی

(iv) ریڈیو/ ٹیلی ویژن پروگرام

(v) آخری امتحان

(vi) کورس کا نتیجہ

### (i) درسی مواد

طلبہ کے لئے درسی مواد خود آموزی کے اصول پر تیار کیا جاتا ہے۔ ہر کورس میں درسی مواد کے یونٹوں کی تعداد مقرر ہے۔ یو میں ایک ہفتے کا درسی کام ہوتا ہے۔ ہر یو کے شروع میں اس کے مقاصد پھر اسی ترتیب سے یو کے مختلف موضوعات اور ہر موضوع کے بعد خود آزمائی (اپنا امتحان آپ) کے سوالات ہوتے ہیں۔ ان سوالات سے طلبہ کو اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے کورس کو کس حد تک سمجھا ہے۔ طلبہ کو درسی مواد بذریعہ ڈاک روانہ کیا جاتا ہے۔

### (ii) امتحانی مشقیں

ہر کورس کے لئے اس کی نوعیت کے اعتبار سے امتحانی مشقوں کی ایک مخصوص تعداد مقرر کی گئی ہے۔ طلبہ کے لئے کورس کے دوران یہ امتحانی مشقیں حل کر کے بروقت آن لائن اپلوڈ کرنا لازمی ہے۔ ٹیوٹر تصحیح اور جانچ پڑتال کے بعد یہ امتحانی مشقیں طالب علم کو آن لائن واپس بھیج دیتا ہے تاکہ طلبہ اپنی کارکردگی سے باخبر رہیں۔ ان مشقوں کے نمبر آخری امتحان میں حاصل کردہ نمبروں میں شامل کر کے نتیجہ م کیا جاتا ہے۔ (ایک مکمل کورس کے لئے چار اور نصف کورس کے لئے دو امتحانی مشقیں حل کرنا ہوتی ہیں۔ فنی، عملی کورسوں میں تعداد مختلف ہو سکتی ہے۔

### (iii) اساتذہ سے راہنمائی/ ٹیوٹوریل میٹنگز

آن لائن ٹیوٹوریل میٹنگز کا انعقاد کیا جاتا ہے جہاں اساتذہ طلبہ کی رہنمائی کے لئے موجود ہوتے ہیں۔ ان کلاسز کا شیڈول طلبہ کو پہلے سے فراہم کر دیا جاتا ہے تاکہ وقت مقررہ پر ٹیوٹوریل میٹنگز میں آ کر اپنی مشکلات کے حل میں اساتذہ سے مدد لے سکیں۔ ٹیوٹوریل میٹنگز میں حاضری لازمی نہیں لیکن مفید ضرور ہے۔

### (iv) ریڈیو، ٹیلی ویژن پروگرام

درسی مواد اگرچہ ہر لحاظ سے مکمل بنانے کی کوشش کی جاتی ہے تاہم مزید وضاحت اور تفہیم کے لئے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگرام بھی پیش کئے جاتے ہیں۔ ان پروگراموں کے اوقات کی اطلاع طلبہ کو پہلے سے فراہم کر دی جاتی ہے۔ یونیورسٹی کے تمام طلبہ کی راہنمائی کے لئے ہر اتوار کو ریڈیو پاکستان سے ''جامعہ نامہ'' کا خصوصی پروگرام نشر کیا جاتا ہے۔ اس کا شیڈول (نشر ہونے کے اوقات) درسی کتب کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

### (v) آخری امتحان

سمسٹر کے اختتام پر آخری امتحان آن لائن لیا جاتا ہے۔ اس کے بارے میں تفصیلی معلومات طلبہ کو پہلے سے مہیا کر دی جاتی ہے۔ آخری امتحان میں کامیابی کے کم از کم نمبر 40 فیصد ہوتے ہیں۔ آخری امتحان میں سوالات متعلقہ کورس کے تمام اسباق سے پوچھے جاتے ہیں۔

### (vi) کورس کا نتیجہ

یونیورسٹی کی پالیسی کے مطابق کورس کا نتیجہ معلوم کرنے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

(الف) امتحانی مشقوں اور آخری امتحان کے کل نمبروں کا (Weightage) بالترتیب 70:30 ہے۔

(ب) کورس میں کامیابی کا طریقہ گزشتہ صفحات میں تفصیل ملاحظہ کریں۔

## 3- شرح فیس برائے تمام پروگرامز

(ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز (بی اے/ بی کام)/ اوپن کورسز)

| پروگرام رجسٹریشن فیس | داخلہ فیس | چھ کریڈٹ کورس فیس | تین کریڈٹ کورس فیس |
|---|---|---|---|
| 50 امریکن ڈالر | 50 امریکن ڈالر | 100 امریکن ڈالر | 100 امریکن ڈالر |

### 3.1- فیس جمع کروانے کا طریقہ کار

انٹرنیشنل/ بیرون ملک مقیم طلبہ و طالبات درج ذیل میں بتائے گئے طریقے کے مطابق اپنی فیس جمع کروائیں۔

۱۔ olpay.aiou.edu.pk درج ویب سائٹ پر کلک کریں

۲۔ چالان نمبر درج کریں اور سرچ کے بٹن پر کلک کریں

۳۔ دی گئی معلومات کا موازنہ اپنے چالان فارم کے ساتھ کریں اور درست ہونے کی صورت میں "Submit Fee" والے بٹن پر کلک کریں

۴۔ کریڈٹ کارڈ/ ڈیبٹ کارڈ نمبر، کارڈ ہولڈر کا نام، ایکسپائری کی تاریخ اور CVV کوڈ (جو کارڈ کے پچھلے حصے پر درج ہوتا ہے) کا اندراج کریں

۵۔ "Pay Now" کے بٹن پر کلک کریں

۶۔ فیس کے جمع ہونے اور آرڈر آئی ڈی کا نوٹیفکیشن موصول ہوگا

۷۔ نیچے دی گئی جگہ پر آرڈر آئی ڈی اور ٹرانزیکشن کی تاریخ کا اندراج کریں

۸۔ اپنے داخلے کی تصدیق ہونے تک آرڈر آئی ڈی کو اپنے ریکارڈ میں محفوظ رکھیں

**نوٹ**: داخلہ فیس صرف پراسپیکٹس میں بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق ادا کی جائے کسی دوسرے ذریعہ یا کسی شخص کو دی جانے والی فیس رقم کے لئے یونیورسٹی ہرگز ذمہ دار نہ ہوگی۔

## فیس واپسی کے قواعد وضوابط

(i) درخواست دہندہ/ امیدوار/ طالب علم جنہوں نے داخلوں کے لیے اپنی فیس جمع کرائی ہے لیکن وہ جاری نہیں رکھنا چاہتے ہیں وہ AIOU کی و سا پر دستیاب تعلیمی کیلنڈر کے مطابق اپنی پڑھائی کی مدت شروع ہونے سے پہلے فیس کی واپسی کے لیے درخواست دیتے ہیں۔ان کی کل فیس 10% کٹوتی کے بعد واپس کردی جائے گی۔

(ii) درخواست دہندہ/ امیدوار جو اہل نہیں تھے لیکن داخلے کے لیے فیس جمع کراتے ہیں اور فیس جمع کرانے کی تاریخ سے ایک سال کے اندر واپسی کے لیے درخواست دیتے ہیں فیس کو کل فیس کے 15% کی کٹوتی کے بعد واپس کردیا جائے گا۔

(iii) جس طالب علم نے اپنی فیس مقررہ فیس سے زیادہ جمع کرائی ہے وہ کل اضافی رقم واپس کردی جائے گی یا جیسا بھی ہو اسے ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

(iv) محکمہ خزانہ طلباء کی فیس کی تصدیق کرے گا اور کیس کو آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کو پری آڈٹ کے لیے بھیجے گا۔

(v) امیدوار کو چیک سینٹرل پیمنٹ سیکشن (CPS) خزانچی کا محکمہ جاری کرے گا۔

(vi) موت کی صورت میں تمام ضابطہ اخلاق کو پورا کرنے کے بعد، متوفی طالب علم کے خون کے رشتہ دار کے حق میں کراس چیک کے ذریعے پوری فیس واپس کردی جائے گی۔رقم کی واپسی کا کیس فیس جمع کرنے کے ایک سال کے اندر جمع کرانا ضروری ہے۔

(vii) ایسے طلباء جن کو یونیورسٹی کی طرف سے کم اندراج/ قابل عم وپ کی تشکیل نہ ہونے/کورسز کی پیشکش نہ کرنے کی وجہ سے یونیورسٹی کی طرف سے پیش کردہ پ ام میں داخلہ کی اجازت نہیں دی جاتی ہے تو انہیں پوری فیس واپس کردی جائے گی۔

(viii) کسی درخواست دہندہ/ امیدوار کا داخلہ یونیورسٹی کے کنٹرول سے باہر کسی وجہ سے یا غیر متوقع مسائل کی وجہ سے پختہ نہیں ہوتا ہے، تو پوری ادا شدہ فیس، بغیر کسی کٹوتی کے متعلقہ درخواست دہندہ/ امیدوار کو واپس کردی جائے گی۔رقم کی واپسی کا کیس فیس جمع کرنے کے ایک سال کے اندر جمع کرانا ضروری ہے۔

# 4- اہم معلومات

1- تمام طلباء کو ان کے اپنے مفاد میں آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ کسی بھی شخص کو یونیورسٹی سے متعلقہ اپنے کسی بھی قسم کے مسائل کے حل کے سلسلے میں نقد رقم دینے سے اجتناب کریں اور کسی بھی قسم کے فراڈ یا جعل سازی کی صورت میں طالب علم خود ذمہ دار ہوگا اور یونیورسٹی کا ایسے کسی بھی معاملہ سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ مزید برآں تمام طلباء کو ہدایت کی جاتی ہے کہ یونیورسٹی کے تمام قسم کے واجبات، فیس وغیرہ بذریعہ چالان مروجہ طریقہ کار کے تحت ہی جمع کروائیں۔

2- علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے جاری کردہ سرٹیفکیٹ/ڈگریاں دیگر منظور شدہ یونیورسٹیوں اور بورڈ کے مساوی ہیں۔

3- امیدوار ہر لحاظ سے مکمل داخلہ فارم متعلقہ پروگرام کے لیے مع تصدیق شدہ تعلیمی اسناد اور ایک تصویر پراسپکٹس میں دی گئی ہدایات کے مطابق اپلوڈ کریں۔

4- داخلہ فارم میں اپنا نام، والد کا نام اور تاریخ پیدائش میٹرک کی سند کے مطابق درج کریں۔ غلط اندراج کی صورت میں درخواست دہندہ خود ذمہ دار ہوگا۔

5- سیکنڈری (SSC) میں انگریزی فیل یا بغیر انگریزی، اسلامیات لازمی اور مطالعہ پاکستان کے طلباء وطالبات کسی پروگرام میں داخلہ کے اہل نہ ہوں گے۔

6- ہائر سیکنڈری (HSSC) میں انگریزی فیل بغیر انگریزی اور اسلامیات لازمی کے طلبہ وطالبات کسی پروگرام میں داخلہ کے اہل نہ ہوں گے۔

7- دوران سمسٹر طالب علم کا پتہ تبدیل نہیں ہوگا۔

8- مقررہ مدت میں پروگرام مکمل کرنے کے لیے لازم ہے کہ طلباء وطالبات ہر سمسٹر (مارچ، ستمبر) کی فیس یونیورسٹی کے مروجہ طریقہ کار کے مطابق جمع کروائیں۔ جاری طلبہ **(Continuing Students)** یونیورسٹی **website (http://online.aiou.edu.pk)** پر **online** انرولمنٹ فارم پُر کر کے فیس آن لائن طریقہ کار کے تحت جمع کرا سکتے ہیں۔

9- کتابوں کے لفافے پر پتہ میں Student ID اور رجسٹریشن کا اندراج بھی ہے جسے نوٹ فرمالیں کیونکہ رجسٹریشن نمبر کا مع Student ID کورس کوڈ اور سمسٹر کا حوالہ یونیورسٹی کے ساتھ ہونے والی خط وکتابت میں دیا جانا ضروری ہے۔

10- درسی مواد موصول ہونے کے تقریباً پندرہ سے بیس دن کے اندر ہر کورس کے لئے نامزد کئے گئے ٹیوٹر کی معلومات CMS پورٹل میں فراہم کر دی جائیں گی۔ **اگر آپ کو ٹیوٹر کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں ملتی تو آپ فوری طور پر Directorate of International Colaboration & Exchange سے رابطہ کریں** یا آپ اپنی امتحانی مشقیں بلا تاخیر ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے فراہم کردہ پورٹل پر اپلوڈ کریں۔

11- یونیورسٹی کے قواعد وضوابط میں وقتاً فوقتاً تبدیلیاں آ سکتی ہیں اور طلبہ پر ان کی پابندی لازم ہے۔

12- پہلے سے داخل کسی پروگرام میں سپیشلائزیشن کی صورت میں طالب علم کو اس بات کی اجازت نہیں ہوگی کہ وہ دوران پروگرام کسی دوسرے پروگرام میں داخلہ لے اور نہ ہی ایک پروگرام سے دوسرے پروگرام میں منتقل ہونے کی اجازت دی جائے گی جب تک وہ اپنے پہلے پروگرام کا داخلہ منسوخ نہ کرائے یا مکمل نہ کر لے۔

13- پروگرام کی کامیاب تکمیل کے بعد واپ کی تبدیلی ممکن نہیں ہوگی۔ طالب علم شعبہ امتحانات کو سرٹیفکیٹ/ڈگری کے اجراء کے لئے درخواست دے گا۔

14- یونیورسٹی اپنی پالیسی کے مطابق پراسپیکٹس میں دیئے گئے مندرجات کو کسی پیشگی اطلاع کے بغیر تبدیل کرنے کا استحقاق رکھتی ہے۔

15- **اگر کوئی طالب علم ایک سمسٹر میں بیک وقت دو پروگراموں میں داخلہ لیتا ہے تو دونوں پروگراموں میں داخلہ منسوخ کیا جائے گا اور فیس بھی ضبط کی جائے گی۔**

18- ہر طالب علم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ کے آغاز سے لے کر سرٹیفکیٹ ڈگری کے اجراء تک کسی

بدعنوانی کے ارتکاب یا شرائط داخلہ کے سہواً یا عمداً نظر انداز کرنے/ہونے کی صورت میں متعلقہ طالب علم کا داخلہ منسوخ اور فیس ضبط کی جائے گی نیز کسی قسم کے سرٹیفکیٹ یا ڈگری کا اجراء نہیں کیا جائے گا۔

20- میٹرک کے سرٹیفکیٹ میں دیئے گئے نام اور ولدیت کو ہی درست تسلیم کیا جائے گا۔

21- درسی مواد موصول ہونے کے بعد اگر طالب علم محسوس کرے کہ نام ولدیت یا پتہ میں کوئی غلطی ہے یا کورس جو داخلہ فارم پر لکھا گیا تھا اس کے مطابق نہیں ہے تو فوری تصحیح کے لیے Directorate of International Colaboration & Exchange کو مطلع کریں۔ مطلع نہ کرنے کی صورت میں یونیورسٹی ذمہ دار نہ ہوگی۔

24- کورس میں تبدیلی صرف مطالعہ کی مدت (Study period) شروع ہونے سے قبل ممکن ہے۔ مطالعہ کی مدت (Study period) شروع ہونے کے بعد کورس میں تبدیلی کسی صورت ممکن نہیں ہوگی۔ مطالعہ کی مدت (Study period) کا شیڈول یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

25- کسی بھی طالب علم کی ڈگری/ڈپلومہ/سرٹیفکیٹ اجراء کے بعد مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر منسوخ کر دیا جائے گا۔

(i) اگر کسی بھی مرحلے پر نتیجہ کی تالیف یا اعلان میں کوئی غلطی پائی گئی۔

(ii) اگر کوئی بھی امیدوار کسی بھی موقع پر ڈگری/ رزلٹ کی تصدیق کے وقت نااہل قرار پایا گیا۔

(iii) جعلی دستاویزات جمع کرائے ہوں۔

## ہدایات برائے درستگی نام طالب علم/ والد/ تاریخ پیدائش

☆ درخواست بذریعہ CMS Student Service Request یا فارم ہذا کے ذریعے جمع کروائی جا سکتی ہے۔ دونوں صورتوں میں طالب علم کی درخواست کی منظوری ڈائریکٹر شعبہ داخلہ سے لی جائے گی اور ان کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ منظوری کے بعد متعلقہ اہلکار چالان فارم Generate کرے گا اور طالب علم کو مطلع کرے گا اس کے بعد طالب علم فیس جمع کروا کر ترمیم حاصل کر سکے گا۔

☆ منظوری سے قبل ہرگز فیس جمع نہ کروائیں جمع کروائی گئی فیس واپس نہ ہوگی۔

☆ گورنمنٹ کے نوٹیفیکیشن اور یونیورسٹی قوانین کے مطابق سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازمین کی تاریخ پیدائش جو کہ ملازمت ریکارڈ میں درج ہے تبدیل نہیں ہوگی۔

☆ اگر کسی طالب علم کو ایک سے زائد پروگرامز میں تصحیح درکار ہے تو طالب پہلے رجسٹرڈ پروگرام کے مطابق صرف ایک بار فیس جمع کروائے گا اور اگلے پروگرامز میں تصحیح کی فیس وصول نہیں کی جائے گی۔

☆ اگر کوئی طالب علم اپنے نام اور ولدیت کی درستگی/تبدیلی ایک ہی درخواست میں کروانا چاہتا ہے تو وہ یونیورسٹی سے جاری کردہ چالان کے مطابق صرف ایک ہی فیس جمع کروائے گا۔

☆ فیس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| | | Amount (Rs) | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| S. No | Time Frame | Correction in Name Spelling | Change in Name | Correction in Father's Name | Correction in Date of Birth |
| 1. | Within 2 years of Passing Program | Rs.1500/- | Rs.3000/- | Rs.3000/- | Rs.4000/- |
| 2. | After 2 to 5 years | Rs.3500/- | Rs4500/- | Rs4500/- | Rs5500/- |
| 3. | After 5 to 10 years | Rs5000/- | Rs6000/- | Rs5000/- | Rs7500/- |
| 4. | After 10 years | Rs10000/- | Rs12000/- | Rs12000/- | Rs14000/- |

نوٹ: پروگرام پاس کرنے سے پہلے نام یا تاریخ پیدائش میں درستگی کے لئے کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔

**5- داخلہ، کتابیں، ڈیٹ شیٹ، رول نمبر سلپ اور رزلٹ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے اہم فون نمبرز:**

ڈائریکٹر ایڈمیشن: +92 51 9250043 , +92 51 9571501

کنٹرولر امتحانات: +92 51 9250012 , +92 51 9250013

ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز: +92 51 9572400 , +92 51 9572401

## DIRECTORATE OF INTERNATIONAL COLABORATION & EXCHANGE

☆ ڈاکٹر زاہد مجید (ڈائریکٹر انٹرنیشنل آفس)

+92 51 9572450

zahid_majeed@aiou.edu.pk

☆ سحرش خان (اسسٹنٹ ڈائریکٹر)

+92 51 9572471

sehrish.khan@aiou.edu.pk

☆ سردار محمد عجب (سپرینٹنڈنٹ)

+92 51 9572495

overseas@aiou.edu.pk